نیوز ریلیز

# بجٹ 2026ء: ان چیزوں پر توجہ دیتا ہے جو اہم ہیں

26 فروری، 2026ء

بجٹ 2026ء ان چیزوں پر توجہ دیتا ہے جو اہم ہیں، نظم و ضبط کے ساتھ انتخابات کرتا ہے اور فیصلہ کن کاروائی کرتا ہے۔

عالمی معاشی غیریقینی کی صورتِ حال، تیل کی کم قیمتیں اور آبادی میں تیزی سے اضافہ البرٹا کی مالیات اور عوامی خدمات پر حقیقی دباؤ ڈال رہے ہیں۔

البرٹا شدید دباؤ محسوس کر رہا ہے۔ حالیہ سالوں میں بیمثال ترقی نے لازمی خدمات کی صلاحیتوں کو اس سے زیادہ بڑھا دیا ہے جتنا کہ نظام سنبھال سکتا ہے۔ زیادہ لوگوں کا مطلب ہے کہ البرٹا کو مزید کلاس رومز، ہسپتالوں میں مزید گنجائش، مزید انفراسٹرکچر اور مزید سپورٹ سسٹمز کی ضرورت ہے – یہ سب ایک ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب غیر قابل تجدید وسائل کی آمدنی میں کمی آ رہی ہے۔ یہ دباؤ نہ صرف خسارے میں اضافہ کر رہے ہیں، بلکہ صوبے کو تین سال کے حقیقی خساروں کی منصوبہ بندی کرنے پر بھی مجبور کر رہے ہیں، اگر آج کی آمدنی اور اخراجات کے تخمینے برقرار رہیں۔

اگر پاس ہو جاتا ہے تو بجٹ 2026ء میں اگلے تین سالوں میں 9.4 بلین ڈالر، 7.6 بلین ڈالر اور 6.9 بلین ڈالر کے خسارے شامل ہیں۔

بڑھتے ہوئے مالیاتی دباؤ کا جواب دینے کیلئے، بجٹ 2026ء محتاط سرمایہ کاریاں کرتا ہے جبکہ معاشی ترقی کے ذریعے محصولات کو مضبوط، اور ہیریٹیج فنڈ میں دوبارہ سرمایہ کاری کرتا ہے، ہماری عوامی خدمت میں سرمایہ کاری کرتا ہے، ایک مضبوط افرادی قوت تیار کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہر کوئی اپنا منصفانہ حصہ ڈال رہا ہے۔

صحت کے نظام کے کل اخراجات میں 34.4 بلین ڈالر کے ساتھ، بجٹ 2026ء مزید سرجریوں کی تائید کرتا ہے، فرنٹ لائن فیملی ڈاکٹروں اور نرس پریکٹیشنرز تک رسائی کو مضبوط کرتا ہے اور دماغی صحت اور منشیات کے مسائل میں مبتلا لوگوں کیلئے علاج کیلئے سینکڑوں بستروں کا اضافہ کرتا ہے۔

اگر پاس ہوگیا، تو بجٹ 2026ء تعلیمی نظام میں 10.8 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کرتا ہے، جو کہ 2025ء - 26ء کے مقابلے میں 7.2 فیصد زائد ہے۔ یہ سرمایہ کاری بڑھتی ہوئی کلاسوں اور کلاس روموں کی پیچیدگیوں کو سہارا دینے کیلئے مزید اساتذہ اور تعلیمی معاونین کی خدمات حاصل کرنے میں مدد کرے گی۔ بجٹ 2026ء صوبے بھر میں تعلیمی بنیادی ڈھانچے کی تشکیل کیلئے تین سالوں میں 3.3 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری بھی کر رہا ہے۔

"جو خاندان بچوں کی پرورش کر رہے ہیں، ہماری معیشت کو رواں دواں رکھنے والے ورکر ہیں، اور جن کمیونٹیز پر لوگ ہر روز انحصار کرتے ہیں وہ ہماری ذمہ داری ہیں۔ یہ بجٹ ان خدمات کی حفاظت کرتا ہے جن پر البرٹا میں رہنے والے لوگ انحصار کرتے ہیں اور جبکہ وہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہم آج کے چیلنجوں کو اگلی نسل تک منتقل نہ کریں۔ یہ اس استحکام کی تلاش کے بارے میں ہے جب اوقات مشکل ہوں اور ہم ایسے انتخابات کریں جو البرٹا کو طویل مدت تک، مضبوط رکھیں۔"

*نیٹ ہارنر (Nate Horner)، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیر خزانہ*

2026ء-27ء میں، البرٹا کی معیشت اور مالیاتی نقطہ نظر کو بدلتے ہوئے عالمی معاشی منظرنامے میں چیلنجوں کا سامنا ہے۔ پچھلے سال امریکہ کی طرف سے وسیع ٹیرف متعارف کروانے کے بعد، تجارتی غیریقینی صورتِ حال اور تیل کی قیمتوں میں کمی اس سال ترقی کو سست کرتی رہیں گی۔ صوبے

کی حقیقی جی ڈی پی 1.8 فیصد تک کم رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ آبادی کے اضافے میں سست روی کا اثر سرگرمی پر پڑے گا، لیکن اس سے لیبر مارکیٹ کا دباؤ بھی کم ہو جائے گا اور البرٹا میں رہنے والوں کیلئے اچھی ملازمتیں تلاش کرنا نسبتاً آسان ہو جائے گا۔ مہنگائی دو فیصد کے قریب رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے، جس سے خاندانوں کو روزمرہ کے اخراجات کا انتظام کرنے اور گھریلو بجٹوں کیلئے ریلیف میں فراہمی کی مدد ملے گی۔

تیل کی کمزور قیمتوں کے باوجود، البرٹا کا توانائی کا شعبہ بدستور طاقت کا ماخذ بنا ہوا ہے۔ البرٹا کی توانائی کی صنعت دنیا بھر کی مزید منڈیوں میں پیداوار اور فروخت کر رہی ہے۔ مینوفیکچرنگ پچھلے سال کے تجارتی چیلنجوں کے بعد دوبارہ ترقی کرنا شروع کر رہی ہے، اور توقع کی جاتی ہے کہ جیسے جیسے غیر یقینی کی صورتِ حال ختم ہوگی، کاروبار آہستہ آہستہ دوبارہ سرمایہ کاری شروع کر دیں گے۔

بحالی کے آثار کے باوجود، وسیع تر معاشی دباؤ البرٹا کو مستحکم راستے پر رکھنے کیلئے محتاط منصوبہ بندی اور فیصلہ کن کاروائی کی ضرورت کو اجاگر کرتا ہے۔ جب حالات سخت ہوتے ہیں، البرٹا کی حکومت چیلنج سے پیچھے نہیں ہٹتی۔ البرٹا کی حکومت اس بات پر توجہ دیتی ہے کہ کیا اہم ہے، جو چیز اہمیت کی حامل ہے اس کی حفاظت کرنا، ذمہ داری سے کام کرنا اور صوبے کیلئے ایک مستحکم راستہ طے کرنا۔

**بجٹ 2026ء مندرجہ ذیل میں سرمایہ کاری کر رہا ہے:**

- تعلیم کے آپریٹنگ اخراجات میں 10.8 بلین ڈالر، 2025ء - 26ء کے مقابلے میں 7.2 فیصد کا اضافہ، تین سالوں میں کم از کم 3,000 نئے اساتذہ اور 1,500 نئے تعلیمی معاونین کو بھرتی کرنے میں مدد۔
- بنیادی ڈھانچے کیلئے 3.3 بلین ڈالر کی فنڈنگ جو 161 اسکولوں کی تعمیر اور جدید کاری کے کام میں مدد دے گی، جس میں اس سال 40 نئے اسکولوں کے پراجیکٹس کی تیز رفتاری سے تکمیل بھی شامل ہے۔
- صحت کی نگہداشت کے نظام میں کل اخراجات میں 34.4 بلین ڈالر، جو 2025ء - 26ء کی پیشگوئی سے 1.9 بلین ڈالر یا 5.8 فیصد کا اضافہ ہے، بشمول:
  - ہسپتال اور سرجیکل ہیلتھ سروسز میں 13.8 بلین ڈالر، بشمول 50,000 اضافی سرجریاں مکمل کرنے کیلئے 525 ملین ڈالر۔
  - معاون رہائشوں اور سوشل سروسز کیلئے 5.9 بلین ڈالر، تاکہ مسلسل نگہداشت، معاون رہائشی خدمات اور بزرگوں کی مدد کی جا سکے۔
  - دماغی صحت اور منشیات کے علاج کیلئے 2 بلین ڈالر۔
    - اس سے فرنٹ لائن نشے کے علاج اور نفسیاتی علاج کو ترجیح دینے میں مدد ملے گی اور نوجوانوں کیلئے ہمدردانہ مداخلت کے مراکز اور ذہنی صحت کی سہولیات کی تعمیر میں مدد ملے گی۔
- جو نہایت اہم ہے اس کیلئے صوبہ بھی ہیریٹیج فنڈ میں اضافہ کرتا جا رہا ہے: مستقبل کیلئے بچت کرنا اور طویل مدتی ترقی اور مالی استحکام کو محفوظ بنانا۔
  - فنڈ کے 2026ء-27ء کے آخر تک تقریباً 34 بلین ڈالر تک بڑھنے کی توقع ہے، جو کہ 2025ء - 26ء کی دوسری سہ ماہی کے مالیاتی اپ ڈیٹ سے 31.5 بلین ڈالر تک بڑھ جائے گا۔
  - 2050ء تک 250 بلین ڈالر کا ایک تجدید شدہ ہیریٹیج فنڈ البرٹا کے وسائل کی طاقت کو اچھے سالوں میں اسٹریٹیجک، بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کے ذریعے دیرپا مالی تحفظ میں بدل دے گا، اور سال بہ سال بڑھنے والی آمدنی، قدرتی وسائل کی آمدنی پر صوبے کے مستقبل کے انحصار کو کم کر دے گی۔

- بجٹ 2026ء کے کیپٹل پلان میں تین سالوں کے دوران 28.3 بلین ڈالر شامل ہیں، جوکہ 2025ء کے بجٹ سے 2.2 بلین ڈالر یا آٹھ فیصد زائد ہے۔ یہ صوبے میں جو بھی اہم ہے اسے تشکیل دے گا: صوبے میں اسکول، ہسپتال، سڑکیں اور پُل۔
  - تعلیمی کے-12 (K-12) بنیادی ڈھانچے کیلئے تین سالوں میں 3.3 بلین ڈالر۔
  - صحت کے بنیادی ڈھانچے کیلئے 4.9 بلین ڈالر، بجٹ 2025ء سے 1.3 بلین ڈالر زائد، صحت کی نگہداشت کے نظام کی تشکیل کیلئے جو البرٹا میں دیہی اور شہری کمیونٹیوں کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔

## آمدنی

- 2026ء-27ء میں کل آمدنی 74.6 بلین ڈالر ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جوکہ 2025ء - 26ء کی تیسری سہ ماہی کی 75.3 بلین ڈالر کی پیشگوئی سے 0.7 بلین ڈالر کی کمی ہے۔
  - 2026ء-27ء میں کمی بنیادی طور پر غیر قابل تجدید وسائل کی آمدنی میں 3.1 بلین ڈالر کی کمی سے آئی ہے، جس کی وجہ تیل کی قیمتوں میں متوقع کمی ہے۔
  - 2025ء - 26ء کی تیسری سہ ماہی کی 16.3 بلین ڈالر کی پیشگوئی کے مقابلے میں غیر قابل تجدید وسائل سے 2026ء-27ء میں آمدنی 13.2 بلین ڈالر ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔
  - 2026ء-27ء میں ذاتی انکم ٹیکس سے آمدنی کا تخمینہ 15.9 بلین ڈالر ہے، جوکہ 2025ء - 26ء کی تیسری سہ ماہی کی پیشگوئی سے 1.2 بلین ڈالر کا اضافہ ہے، جو ذاتی آمدنی کے مطابق بڑھ رہا ہے اور 2028ء- 29ء میں 17.7 بلین ڈالر تک پہنچتا ہے۔
  - 2026ء-27ء میں کارپوریٹ انکم ٹیکس ریونیو کا تخمینہ 7.3 بلین ڈالر ہے، جو 2025ء - 26ء کی تیسری سہ ماہی کی پیشگوئی سے 0.1 بلین ڈالر کم ہے،
    - تاہم، یہ بجٹ 2025ء سے اوپر ہے، جو رواں تجارتی غیر یقینی کی صورتِ حال کے باوجود کارپوریٹ منافعوں میں مضبوط نمو کی وجہ سے ہے۔
    - کارپوریٹ انکم ٹیکس کی آمدنی 2027ء-28ء میں 7.5 بلین ڈالر اور 2028ء-29ء میں 7.6 بلین ڈالر تک بڑھنے کی توقع کی جاتی ہے۔
  - دیگر ٹیکس ریونیو 2026ء-27ء میں 3.6 بلین ڈالر ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جوکہ 2025ء - 26ء کے بجٹ اور پیشگوئی سے 0.2 بلین ڈالر زیادہ ہے، زیادہ تر فیول ٹیکس اور انشورنس ٹیکس سے ہے۔
  - تیل کی قیمتوں میں بہتری اور مارکیٹ کے دیگر عوامل کی وجہ سے 2027ء-28ء میں کل آمدنی 78.9 بلین ڈالر اور 2028ء-29ء تک 81.5 بلین ڈالر تک بڑھنے کی پیشگوئی ہے۔

## اخراجات

- 2026ء-27ء میں کل اخراجات کی پیشگوئی 83.9 بلین ڈالر ہے، جوکہ 2025ء - 26ء کی تیسری سہ ماہی کی پیشگوئی سے 4.5 بلین ڈالر یا 5.6 فیصد زائد ہے۔
  - 2027ء-28ء میں کل اخراجات 86.5 بلین ڈالر اور 2028ء-29ء میں 88.4 بلین ڈالر یا تقریباً 2.7 فیصد سالانہ اضافے کی توقع ہے۔

- آپریٹنگ اخراجات کا تخمینہ 70.4 بلین ڈالر لگایا گیا ہے، جو 2025ء-26ء کی تیسری سہ ماہی کی پیشگوئی سے 3.4 بلین ڈالر یا پانچ فیصد زائد ہے۔
  - آپریٹنگ اخراجات 2027ء-28ء میں 72.4 بلین ڈالر اور 2028ء-29ء میں 74.1 بلین ڈالر تک بڑھ جاتے ہیں، جوکہ سالانہ 2.6 فیصد کا اوسط اضافہ ہے۔
- بجٹ میں صحت کی نگہداشت، تعلیم، پوسٹ سیکنڈری تعلیم اور عوامی خدمت کی بنیادی خدمات میں ورکروں کیلئے عوامی شعبے کے معاوضے کیلئے 2026ء-27ء میں محض 38 بلین ڈالر سے کم شامل ہیں۔
- ہنگامی مصارف کے 2 بلین ڈالر جو غیر متوقع صورتِ حال کے اخراجات کیلئے ہیں، بشمول آفات اور ہنگامی حالات، اور سال کے دوران پیدا ہونے والی ابھرتی ہوئی ترجیحات کو حل کریں گے جن کی عملی طور پر اگلے بجٹ تک تاخیر ممکن نہیں۔

**خسارہ**

- 2026ء-27ء کیلئے 9.4 بلین ڈالر کے خسارے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جو کہ 2025ء-26ء کی تیسری سہ ماہی میں 4.1 بلین ڈالر خسارے کی پیشگوئی سے زائد ہے۔
- 2027ء-28ء اور 2028ء-29ء کیلئے خسارہ، بالترتیب 7.6 بلین ڈالر اور 6.9 بلین ڈالر تک کم ہونے کی پیشگوئی ہے۔
- 2026ء-27ء کا متوقع خسارہ بڑی حد تک غیر قابل تجدید وسائل کی آمدنی میں کمی اور پھلتے پھولتے ہوئے صوبے البرٹا میں رہنے والوں کو لازمی خدمات فراہم کرنے کی خاطر ضروری اخراجات میں اضافے کا نتیجہ ہے۔

**قرض (Debt)**

- 2026ء-27ء کیلئے ٹیکس دہندگان کے تعاون یافتہ ڈیٹ (debt) کے 108.9 بلین ڈالر ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے، جوکہ 2025ء-26ء سے 16.8 بلین ڈالر زائد ہے۔
- قرض (debt) کی خدمات کے اخراجات 2026ء-27ء میں 3.4 بلین ڈالر ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے، جوکہ 2025ء-26ء کی پیشگوئی میں 2.9 بلین ڈالر سے زائد ہے۔
- قرض (debt) کی خدمات کے اخراجات موجودہ سود کی شرحوں اور واجب الادا قرضوں کی عکاسی کرتے ہیں، اور البرٹا کے جی ڈی پی اور ریونیو کی بنیاد کے حوالے سے پائیدار حدود کے اندر رہتے ہیں۔

**معاشی نقطہ نظر**

- 2026ء میں، حقیقی گراس ڈومیسٹک پراڈکٹس میں 1.8 فیصد اضافے کی توقع ہے – جو 2025ء کیلئے تخمینے 2.2 فیصد سے کم ہے – پھر یہ اضافہ 2027ء میں بڑھ کر 2.3 فیصد ہو جائے گا۔
- 2026ء میں، آبادی کی شرح نمو 1.1 فیصد تک رہنے کی پیشگوئی کی جاتی ہے – جو 2025ء میں 2.5 فیصد اور 2024ء کے ریکارڈ 4.7 فیصد کی پیشگوئی سے کم ہے – یہ غیر مستقل رہائشیوں کے بڑے اخراج اور امیگریشن کے کم اہداف پر وفاقی حکومت کی پالیسی کی عکاسی کرتا ہے۔
  - 2027ء میں 1.1 فیصد پر دھیمی رہے گی، پھر 2028ء اور 2029ء میں 1.4 فیصد تک مستحکم ہو جائے گی۔

# نیوز ریلیز

**توانائی اور معاشیاتی مفروضے، 2026ء-27ء**

| | |
|---|---|
| ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ آئل (یوایس ڈی/ بی بی ایل) | 60.50 ڈالر |
| ویسٹرن کینیڈین سلیکٹ @ ہارڈسٹی (سی این ڈی/ بی بی ایل) | 65.30 ڈالر |
| لائٹ-ہیوی ڈیفرینشل (یو ایس ڈی/ بی بی ایل) | 13.00 ڈالر |
| اے آرپی نیچرل گیس (سی این ڈی/ جی جے) | 3.00 ڈالر |
| کنوینشنل کروڈ پراڈکشن (000s بیرلز/ یوم) | 544 |
| خام بچومن پراڈکشن (000s بیرلز/ یوم) | 3,691 |
| کینیڈین ڈالر ایکسچینج ریٹ (یو ایس ڈی ¢/سی اے ڈی $) | 73.0 |
| شرح سود (10 سالہ کینیڈا بانڈز، فیصد) | 3.2 |

**میڈیا انکوائریز**

میریسا بریز (Marisa Breeze)
Marisa.Breeze@gov.ab.ca
780-235-4427
سینئر پریس سیکریٹری، ٹریژری بورڈ اور فنانس